بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۱۷/۲۰۲۰ مورخہ ۱۳/اگست ۲۰۲۰

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = قرارداد نمبر ۷۸ منجانب عبدالواحد صدیقی۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ نشست مورخہ ۷ اگست ۲۰۲۰ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر ۷۸ منجانب عبدالواحد صدیقی، رکن اسمبلی بمراد اطلاع و کارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے

قرارداد

"ہرگاہ کہ ژوب ریلوے سیکشن کو اکھاڑتے وقت یہ وعدہ کیا گیا تھا۔ کہ اس کی جگہ ایک بڑا اور معیاری لائن بچھایا جائے گا لیکن ایک طویل عرصہ گزرنے کے باوجود تا حال مذکورہ ریلوے لائن نہیں بچھایا گیا جس کی وجہ سے علاقے کے مکینوں کو اپنے معدینات فروٹ، سبزی اور زرعی اجناس کو کوئٹہ بعد ازاں ملک کے دیگر صوبوں تک پہنچانے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس کی وجہ سے وہاں کے لوگوں میں احساس کمتری اور بے چینی پائی جاتی ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ بوستان تا ژوب ریلوے لائن کے دوبارہ بچھانے کو یقینی بنائے تاکہ وہاں کے مکین اپنے معدینات، فروٹ، سبزی اور دیگر زرعی اجناس کو کوئٹہ بعد ازاں ملک کے دیگر صوبوں تک پہنچانے کے قابل ہو سکیں اور ساتھ ہی ان میں پائی جانیوالی احساس کمتری اور بے چینی کے خاتمہ کا ازالہ بھی ممکن ہو سکے"۔

/

(طاہر شاہ کاکڑ)

معتمد،

نقل برائے اطلاع و لازمہ کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:۔

۱) بخدمت عبدالواحد صدیقی اسمبلی/محرک قرارداد۔
۲) جناب سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) جناب پرنسپل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) جناب وفاقی سیکرٹری ریلوے، حکومت پاکستان، اسلام آباد۔
۷) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) جناب سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) جناب ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلوے، بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) جناب سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفرآباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

(قادر بخش شاہوانی)

شریک معتمد، (...)

Scanned with CamScanner